Fikr-o-Nasar (Islamabad) 2:4 (1964) © rasailojaraid.com

# انتقاد

ماھنامہ ''خاتون پاکستان''

۰، گارڈن روڈ، کراچی-۳

رسول نمبر (۱۳۸۴ھ — ۱۹۶۴ء)

مدیر شفیق بریلوی صفحات ۹۹۲ قیمت دس روپے

مجلہ '' خاتون پاکستان '' نے پچھلے تین سالوں میں پے بہ پے رسول نمبر پیش کر کے اس سعادت کو اپنے ساتھ کچھ اس طرح مخصوص کرلیا ھے کہ اس مجلہ کا نام آتے ھی ذھن میں رسول نمبر کے الفاظ گونجنے لگتے ھیں - مدیر مجلہ اس بات کا تو اھتمام کرتے ھی ھیں کہ سیرت کے موضوع پر اکابرین قلم سے نگارشات حاصل کریں لیکن زیر تبصرہ رسول نمبر میں ایک اور اھتمام بھی قابل داد ھے - وہ ھے تنوع کے ساتھ ساتھ جامعیت - سیرت کا کوئی پہلو نہیں جس پر کچھ نہ کچھ لکھا نہ گیا ھو - اس کا اندازہ ذیل کی سطور سے ھوگا -

تقریباً ۱۷۸ نظم پارے نعتیہ کلام کے ھیں - اس کے علاوہ مقالات ھیں جن کی سرسری تقسیم یوں ھو سکتی ھے :

فن نعت : ۵ مقالے ' حضور صؐ کی سیرت کے مختلف پہلوؤں پر : کردار ۳ ، اخلاق : ۳، سراپا : ۲ ، نبوت کا منصب : ۴ ، نجی زندگی : ۱۳ ' معاشی زندگی : ۲ ' معاشرتی زندگی : ۱۵، سیاسی زندگی : ۴ ' انتظامی پہلو : ۳ ' تعلیم : ۱ ، جنگیں ' ۳ ' عدل : ۳ ، فن تعمیر : ۳ ، مکتوبات و معاھدات : ۲
ان گراں قدر مقالات کے علاوہ فن سیرت پر بھی چار مقالات ھیں - سیرت اور مغربی مصنفین کے موضوع پر دو- پھر اردو کے علاوہ دوسری زبانوں میں سیرت نگاری کے سلسلے میں بنگالی (۳ مقالات) اور چینی (ایک مقالہ) زبانوں کا جائزہ شامل ھے - آخر میں مدیر نے اردو زبان میں سیرت کے متعلق کتابیات کی فہرست شامل کردی ھے - جو قابل قدر ھے -

مجموعی طور پر '' خاتون پاکستان '' کا یہ ضخیم نمبر ایک قابل ستائش کوشش ھے ' جس کو ھر حلقے میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا - ھماری رائے میں اسے کالجوں اور اسکولوں کی لائبریریوں میں پہنچنا چاھئے بلکہ یہ اس لائق ھے کہ طلبہ نصاب کے طور پر اس سے فائدہ اٹھائیں -

خ -- م

© rasailojaraid.com